نسلی مساوات کے فروغ کے لیے
موجودہ اور مجوزہ اقدامات

سول ایڈ سروس (خدمت برائے دیوانی امداد)

سول ایڈ سروس (CAS) ایک باوردی اور منظم،حکومت مالی اعانت شدہ ،معاون خدمت ہے جو وسیع پیمانے پرہنگامی ذمہ داریاں لینے کے لیے پر عزم ہے اور ہانگ کانگ کی کل وقتی ہنگامی افواج پر دباؤ کو کم کرنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔ مختلف نسل کے لوگوں کو معاشرے میں شامل کرنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں جو معاشرے میں ان کی شمولیت اور شراکت میں آسانی پیدا کرسکتے ہیں اور انکی صلاحیتوں کو بڑھا سکتے ہیں۔

CAS اسپیشل ٹیلنٹ سکیم (خصوصی صلاحیت کی اسکیم) (STS)

متعلقہ خدمات

- مختلف نسل کے لوگوں کو ان کے کیریئر اور ترقی کے ساتھ ساتھ ان کی سماجی شرکت میں بہتری کے لیے زیادہ معیاری خدمات فراہم کرنا۔

موجودہ اقدامات

- مختلف نسل کے لوگوں کو بطور بالغ رضاکار ممبران اور کیڈٹس کو بھرتی کرنے کے لیے بریفنگ دینا اور بھرتی سے متعلق بات چیت کرنا جوCAS میں تربیت حاصل کرنے کے بعد منظم افواج میں کل وقتی ملازمت میں جانے کا ایک بہتر موقع ہوسکتا ہے۔

- CAS میں شامل ہونے کے بارے میں اہم نکات پرانگریزی ، چائینیز اور دیگر زبانوں میں اشاعت کردہ مواد اور حقائق ۔

- سکول چھوڑنے والوں کے ساتھ مختصر سیشنز اور ورکشاپس تاکہ وہ بطور رضاکار CAS میں شامل ہونے پر گہری گفتگو ، CAS میں کام کرنے کا کے تجربے اور درخواستوں میں مدد کے لیےCAS کے ساتھ ابتدائی روابط بنا سکیں۔

- مختلف نسل کے نئے شامل ہونے والے بالغ ممبران کے لیے مینٹرنگ سکیم (رہنمائی اسکیم)۔

- بریفنگ سیشنز، میل ملاپ اور میٹنگز کے ذریعےوالدین اوراساتذہ کے ساتھ قریبی رابطے ۔

- CAS کو مختلف نسل کے لوگوں کے روزگار اور سماجی اتحاد مطابقت میں مشکلات اور خدشات سے آگاہ رکھنے کے قابل بنانے کے لیے مختلف نسل کے لوگوں کے کمیونٹی اور مذہبی رہنماؤں کے ساتھ رابطے۔

- ہم آہنگی کے جذبے کو فروغ دینے کے لیے مختلف نسل کے نوجوانوں کے لیے سرگرمیاں۔

مستقبل کے کام کی جائزہ	• تربیتی پروگراموں کے مواد کو مزید تقویت بخش بنانے کے لیے CAS باقاعدگی سے اقدامات کا جائزہ لے گا اور عملے ، دیگر سرکاری محکموں اور غیر سرکاری تنظیموں(NGO) سے آراء جمع کرے گا۔
اضافی اقدامات لیے گئے/ لیے جائیں گے	• مختلف نسل سے تعلق رکھنے والے کیڈٹس کی سکینڈری سکولوں سے بھرتی کے لیے مزید شِدَّت سے کام کیا جائے گا تاکہ خود انحصاری ، وسائل سے بھرپور ، برداشت ، استقامت کی خوبیوں اورکمیونٹی کے لیے خدمات کے جذبات کو فروغ دینے کے لیے مختلف نسل کے نوجوان نظم و ضبط پر مبنی، مہم جو، قائدانہ تربیت حاصل کرسکیں۔
	• مختلف نسل کے لوگوں کے لیے ہائیکنگ میں حفاظت کی تشہیری سرگرمیوں کی میزبانی اور تربیتی کورسز کے ذریعے وسیع پیمانے پر ہائیکنگ میں حفاظت کی تشہیر / وسیع پیمانے پر ڈھلوان پر پیدل سفرہائیکنگ میں حفاظت کی تشہیر بذریعہ ہائیکنگ میں حفاظت کی تشہیری سرگرمیوں کی میزبانی اورمختلف نسل کے لوگوں کے لیے تربیتی کورسز
	• مختلف نسل کے لوگوں کے لیے ہنگامی تیاریوں اور آٹومیٹڈ ایکسٹرنل ڈیفبریلیٹر (AED) اور کارڈیو پلمونری ریسیسیٹیشن (CPR) کے استعمال پر ورکشاپس ۔
	• CAS عملے کی نسلی مساوات کے امور پر مناسب تربیت کا انتظام کرنے کے لیے دیگر سرکاری محکموں اورغیرسرکاری تنظیموں کے ساتھ رابطہ کرے گا

پوچھ گچھ

نسلی مساوات کے فروغ کے بارے میں موجودہ اور مجوزہ اقدامات سے متعلق پوچھ گچھ کے لیے، براہ کرم مندرجہ ذیل کے ذرائع (NG Cheuk-hon, Bill) سینئر آپریشنز اینڈ ٹریننگ آفیسر (پبلک ایجوکیشن) سے رابطہ کریں

ٹیلیفون نمبر	:	2805 6020
فیکس نمبر	:	2576 3021
ای میل	:	casenq@cas.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	General Office, 4/F, Civil Aid Service Headquarters, 8 To Wah Road, Yau Ma Tei, Kowloon.

سول ایڈ سروس
مئی 2025